(2) میں پرنسپل کے اس اختیار کو اپنے داخلہ کی شرائط میں سے ایک شرط کے طور پر تسلیم کرتا ہوں کہ طالب علم کو داخلے سے اپنا نام واپس لے لینے کا حکم دیا جاسکتا ہے۔ خواہ اس کے ذاتی مفاد میں ہو یا دوسروں کے مفاد میں ہو، بلاچون وچرا اس پر عمل درآمد کرنا پڑے گا۔ اسی طرح میرا نام کالج سے خارج کئے جانے پر مجھے قطعاً کوئی اعتراض نہ ہوگا۔



## داخلہ بربنائے استحقاق/کوٹہ

### حکومت پنجاب کی تازہ ترین پالیسی کے مطابق معذور افراد کے لئے کوٹہ صرف 2 فی صد ہے۔

## دوبارہ داخلہ

☆ جن طلباء کا نام بوجہ عدم ادائیگی فیس خارج ہو گیا ہو وہ دوبارہ فیس ادا کر کے پرنسپل کی اجازت سے داخل ہو سکتے ہیں۔

☆ بوجہ کثرت غیر حاضری خارج کیے جانے والے طلبہ وطالبات کو اخراج کی سفارش کرنے والے استاد کی اجازت سے دوبارہ داخل کیا جا سکتا ہے

☆ کالج کے نظم ونسق میں خلل ڈالنے پر خارج کئے گئے طلباء کو پراکٹوریل بورڈ کی سفارش پر ہی دوبارہ داخلہ مل سکتا ہے۔

دوبارہ داخلہ کیلئے والد/سرپرست کی طرف سے اشٹام پیپر پر حلف نامہ اور نیا داخلہ فارم دینا ہوگا۔ والد کا خود کالج آنا ضروری ہوگا۔

دوسری بار خارج ہونے کی صورت میں داخلہ نہیں ہو سکتا۔

## مائیگریشن

کالج میں مائیگریشن بورڈز، یونیورسٹی اور گورنمنٹ کے رائج الوقت قوانین کے تابع ہے۔ صرف میرٹ پر پورا اترنے والا طالب علم ہی مائیگریشن کرا کر آ سکتا ہے۔ جو طالب علم کالج سے اپنے نام کا اخراج چاہتا ہو وہ تحریری درخواست دے گا۔ جب تک کالج میں نام کا اندراج موجود ہے، اسے فیس اور دیگر واجبات ادا کرنا ہوں گے۔ کالج میں یا کالج سے باہر مائیگریشن کالج انتظامیہ کی منشاء پر منحصر ہے لیکن گورنمنٹ پالیسی ملحوظ رہے گی۔ نوٹ: سرکاری ملازم جو تبدیل ہو کر آئیں اس اصول سے مستثنیٰ ہوں گے۔






# DETAIL OF FUNDS (ANNUAL/ SEMESTER)
## FOR INTER, BS 4 YEAR

| Name of Fund | Inter | BS | |
|---|---|---|---|
| General Fund | 50 | 100 | - |
| Welfare Fund | 50 | 100 | - |
| Examination Fund (College) | 180 | 400 | - |
| Medical Fund | 50 | 60 | - |
| Parking Fund | 100 | 100 | - |
| Magazine Fund | 120 | 120 | - |
| Sports Fund | 180 | 180 | - |
| Identity Card Fund | 50 | 100 | - |
| Library Security Fund | 500 | 2000 | - |
| Self Finance Fee | | | - |
| Board / University Affiliation Fund | - | 100 | - |
| Red Cross / Hilal-e-Ahmer Fund | 60 | 60 | - |
| Fine | As Determined by the Teacher | | - |
| Science Breakage Fund | 60 | 240 | - |
| Masjid Fund | 200 | 200 | - |
| Computer Science Fund | 300 | 600 | - |
| Lapes Hostel Security Fund | Not Applicable on Student | | - |
| Registration | 1000+100=1100 | 12950 (2025-26) | - |
| Admission Fee | 65/80 | 225 | - |
| Tution Fee | 600 | 720 | - |
| Masjid Fund | 200 | 200 | - |
| For BS-4 Year Programs Fee Will Be Charged According to University Sehedule | | | |







## جرمانے

(1) درخواست منظور کروائے بغیر غیر حاضری 5 روپے فی پیریڈ (2) سارے دن کی غیر حاضری 10 روپے فی یوم

(3) یونیفارم میں لاپرواہی اور بے احتیاطی مثلاً شرٹ کا اوپر کا بٹن کھلا ہوا ہونا، ٹائی کا بند نہ ہونا 10 روپے فی یوم

(4) نامکمل یونیفارم 100 روپے (5) بغیر یونیفارم 150 روپے

(6) مس کنڈکٹ/ڈسپلن کی خلاف ورزی 200 روپے سے لے کر 1000 روپے تک

(7) ٹیوٹوریل پیریڈ سے غیر حاضری 10 روپے فی پیریڈ (8) سائنس پریکٹیکل سے غیر حاضری 10 روپے فی پیریڈ

(9) لائبریری کارڈ گم ہونے کی صورت میں نیا کارڈ 80 روپے

(10) کیمرہ، ٹیپ ریکارڈر، موبائل فون 1000 روپے (یہ اشیاء والدین کی طرف سے تحریری درخواست کی صورت میں ہی واپس کی جائیں گی)

## فیس اور جرمانے کی ادائیگی

### انٹرمیڈیٹ کے لیے

یکم مئی تا **30** اپریل بارہ مہینوں کی فیس وصول کی جاتی ہے۔ مقررہ تاریخوں کے اندر اندر واجبات ادا کرنے ہوں گے، اگر طالب علم مقررہ تاریخوں پر واجبات ادا نہیں کرتا تو **50** روپے جرمانہ ادا کرے گا۔ دفتر اس ضمن میں نوٹس جاری کرے گا، کالج کے حتمی نوٹس پر بھی فیس ادا نہ کی گئی تو نام خارج کر دیا جائے گا۔

### بی۔ایس کے لیے

اکتوبر میں داخلوں کا آغاز ہوتا ہے اور میرٹ لسٹیں لگنے کے ساتھ ہی مارننگ سیشن کے لیے دو سمیسٹرز کی اکٹھی فیس وصول کی جاتی ہے جبکہ ایوننگ سیشن کے لیے ایک ایک سمیسٹر کی فیس وصول کی جاتی ہے۔

## فیس میں رعائت اور وظائف

☆ حکومت، بورڈ، یونیورسٹی، لوکل باڈیز اور آرٹس کالج کے لئے مخصوص وظائف اس کالج میں بھی مل سکیں گے۔

☆ انٹرمیڈیٹ اور بی۔ایس کلاسز کے لائق اور ذہین طلبہ وطالبات کے لیے فری ایجوکیشن جبکہ یتیم اور مستحق طلبہ وطالبات کے لیے **50%** فیس میں رعایت دی جائے گی۔

☆ فیس میں رعایت اور حصول وظائف کی درخواستوں کے لئے مجوزہ فارم کالج آفس سے حاصل کریں۔ ان فارموں پر والد/سرپرست (جو طلبہ کے کفیل ہوں) کے دستخط ضروری ہیں۔

درخواست میں واضح ہو کہ طالب علم فیس ادا نہیں کر سکتا اور اس کے ٹیوٹر کی سفارش بھی موجود ہو کہ طالب علم حاضر باش ہے اور تعلیمی حالت تسلی بخش ہے۔ طلبہ اساتذہ اور کالج کے عملہ کے ساتھ اس کا رویہ مہذب اور معقول ہے۔ اگر کالج کے داخلی امتحان کا نتیجہ غیر تسلی بخش ہو تو فیس میں رعایت اور وظیفہ واپس لیا جا سکتا ہے۔



## کالج کا نظم ونسق

طلبہ وطالبات کے لئے ضروری ہے کہ وہ پراسپکٹس میں درج تمام قواعد وضوابط اور پرنسپل کے احکامات پر عمل کریں۔ جو طلبہ کالج کے نظم ونسق میں خرابی یا بدنظمی کے مرتکب ہوں گے، ان کا نام کالج سے خارج کیا جا سکتا ہے۔ توڑ، پھوڑ، لڑائی جھگڑا یا اساتذہ اور ادارے کے عملے کے ارکان سے بدتمیزی کی کسی صورت بھی اجازت نہیں ہوگی۔ ایسے عناصر کو فی الفور حوالہ پولیس کیا جائے گا۔

## پراکٹوریل بورڈ

کالج میں نظم وضبط برقرار رکھنے اور طلبہ کے رویے اور کردار پر کڑی نظر رکھنے کے لئے اساتذہ پر مشتمل ایک پراکٹوریل بورڈ قائم کیا گیا ہے۔ یہ بورڈ کالج میں نظم وضبط قائم رکھنے کا ذمہ دار ہے اور کالج میں شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھ کر ان کے خلاف تادیبی کارروائی کی سفارش کرتا ہے۔

پراکٹوریل بورڈ کی معاونت کے لئے سٹوڈنٹ پراکٹر بھی نامزد کیے جاتے ہیں۔ یہ ایسے طلبہ ہوتے ہیں جو نظم ونسق برقرار رکھنے اور تقریبات کے انتظام وانصرام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

## نظم وضبط کے حوالے سے ضروری ہدایات

سکول کے برعکس کالج کا ماحول اور طریق تدریس مختلف ہوتا ہے۔ یہاں طالب علم کو داخلی آمادگی اور احساس ذمہ داری کے تحت آزادانہ ماحول میں تعلیم حاصل کر کے اپنے مستقبل کی تعمیر کرنا ہوتی ہے۔ اس لئے طلبہ مندرجہ ذیل اہم امور پیش نظر رکھیں۔

☆ گھنٹی بجتے ہی کمرہ جماعت میں جائیں۔ خاموشی اور توجہ سے حاضری سنیں۔ اپنا رول نمبر پکارے جانے پر باوقار اور سنجیدہ طریقے سے حاضری بولیں۔ کسی دوسرے کی حاضری بولنا پرلے درجے کی حماقت اور بدنیتی ہے۔

☆ یاد رکھیں کہ استاد وہ خراماں ندی ہے جو آپ کی کشت علم کو سیراب کرتی ہے۔ آپ اس سے اکتساب فیض کرتے ہیں۔ شاعرِ مشرق نے کیا خوب فرمایا تھا۔

گر کوئی شعیب آئے میسر | شبانی سے کلیمی دو قدم ہے

(اگر حضرت شعیب، جیسا استاد کامل مل جائے تو گلہ بانی کرتے ہوئے حضرت کلیم اللہ کی طرح نبوت کے درجے پر پہنچ جانا صرف دو قدم کا فاصلہ ہے، یعنی اچھے استاد کی تربیت ایک چرواہے کو رہنما اور نجات دہندہ بنا سکتی ہے)

## لہٰذا استاد کو اپنا روحانی باپ سمجھیں اور اس سے کچھ حاصل کرنے کی تڑپ اپنے اندر پیدا کریں۔

- گھر سے سبق کا پیشگی مطالعہ کر کے آئیں۔ لیکچر کو کامل ذہنی یکسوئی اور توجہ سے سنیں۔ سبق کے ضروری نکات تحریر کرتے جائیں اور گھر جا کر انہیں دہرائیں۔
- اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں۔ کھڑے ہو کر طالب علمانہ متانت اور سنجیدگی سے سوال کریں۔ البتہ غیر متعلقہ سوالات سے اجتناب کریں۔
- نوٹس بورڈ ہر روز دیکھیں۔ وہاں پر چسپاں احکامات پر عمل کریں۔ لاعلمی کی بنا پر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
- کالج میں آکر شور اور ہنگامہ آرائی سے پرہیز کریں۔ اس سے آپ کے وقت کے ضیاع کے علاوہ دوسری کلاسوں کا سکون بھی غارت ہو جاتا ہے۔
  برآمدوں میں بے مقصد گھومنے سے پرہیز کریں۔ سٹاف روم میں اجازت کے بغیر داخل نہ ہوں۔
- کالج کی دیواروں پر لکھنا، دیواروں کھڑکیوں پر اشتہار لگانا ایک طالب علم کے شایان شان نہیں، یہ قابل مواخذہ حرکتیں ہیں۔
- باڑیں پھلانگنا، ان میں راستہ بنا کر گزرنا اور پھول توڑنا منع ہے۔ خلاف ورزی پر جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔
- کالج کی ہر چیز قوم کی امانت ہے۔ اس کو نقصان پہنچانا ذاتی اور قومی ضیاع ہے۔ قومی امانت کی حفاظت کریں۔
- بجلی کی تنصیبات کو مت چھیڑیں۔ یہ چھیڑ چھاڑ کسی بھی وقت حادثے کا باعث بن سکتی ہے اور اس پر آپ کو جرمانہ بھی ہو سکتا ہے۔

## پرنسپل آفس کے حوالے سے ہدایات

اگر آپ کو کسی ضرورت کے تحت پرنسپل صاحب سے ملنا ہو تو آپ مقررہ اوقات میں مل سکتے ہیں اس سلسلے میں درج ذیل امور مدنظر رکھیں:

(1) پرنسپل صاحب مصروف گفتگو ہوں تو ان کے فارغ ہونے کا انتظار کریں۔
(2) پرنسپل آفس جانے سے پہلے اپنی درخواست پر اپنے صدرِ شعبہ یا متعلقہ ٹیچر سے دستخط ضرور کرا لیں۔
(3) گفتگو کو طوالت نہ دیں۔ جامع اور مختصر بات کریں اور ادب واحترام ملحوظ رکھیں۔
(4) حتی الوسع اپنی گزارشات تحریری صورت میں پرنسپل صاحب کے سامنے پیش کریں۔






## کالج آفس کے حوالہ سے ہدایات

کالج اور تعلیم سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات درکار ہوں تو کالج کے دفتر سے رجوع کریں۔ اس سلسلہ میں

(1) بے مقصد رش نہ کریں۔
(2) شور غل اور ہنگامہ آرائی نہ کریں۔
(3) فیس دیتے وقت قطار بنائیں۔ اپنی باری پر واجبات جمع کرائیں۔ بدنظمی سے آپ کا وقت ضائع ہوگا۔

## رخصت کے قواعد

(1) ٹیوٹوریل سسٹم کے تحت کالج میں داخل ہونے پر طالب علم کو ایک ٹیوٹوریل گروپ کی رکنیت دی جاتی ہے جس کے انچارج اساتذہ ہوتے ہیں جنہیں ٹیوٹر کہا جاتا ہے۔ طالب علم سب سے پہلے اپنی درخواست اپنے ٹیوٹر کو پیش کرے۔ درخواست پر اپنا نام، رول نمبر، کلاس، ٹیوٹر کلاس گروپ، تاریخ اور دن درج کریں۔ علاوہ ازیں رخصت کی وجوہات، رخصت کی مدت اور رخصت کا آغاز واختتام کی تاریخیں لازماً لکھیں۔
(2) نیز چھٹی کی درخواست والدین سے دستخط کروانے کے بعد کالج میں جمع کروائی جائے۔
(3) ٹیوٹر اپنے متعلقہ ٹیوٹوریل گروپ کے کسی طالب علم کو 2 دن رخصت دینے کا مجاز ہے 2 دن سے زیادہ کی رخصت پرنسپل صاحب منظور کریں گے۔ رخصت 2 دن سے زائد ہونے کی صورت میں ٹیوٹر کی معرفت پرنسپل تک درخواست بھیجی جائے۔ واضح رہے کہ امتحان سے غیر حاضری کی رخصت کا نظام مختلف ہے۔ اور یہ درخواست رخصت کے آغاز سے قبل منظور کرانا ضروری ہے۔
(4) غیر معینہ مدت کی رخصت نہیں دی جائے گی، شادی اور مذہبی تقاریب کی رخصت بھی دس روز سے زیادہ نہیں ہوگی۔ ایام رخصت گزرنے کے بعد مزید رخصت کے حصول کے لئے نئی درخواست دی جائے۔ کسی الجھن یا عدالتی مقدمے میں ملوث طالب علم کی درخواست میں صورت حال ایمان داری سے بالکل درست درج کرنا ہوگی۔ غلط بیانی پر تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

## دورانِ کالج طالبات کی رخصت کا طریقہ

اگر کسی وجہ سے کسی طالبہ نے کالج سے رخصت لینی ہو تو اس کے حقیقی والد، والدہ، بھائی یا بہن اپنے اصل شناختی کارڈ کے ساتھ کالج آنا ہوگا اور رخصت لینے والی طالبہ کے پاس کالج کارڈ یا شناختی کارڈ کا ہونا لازم ہے۔ کسی اور رشتے کے حامل مرد یا خاتون کے ساتھ کسی طالبہ کو کسی صورت نہیں بھیجا جائے گا۔



(5) خرابیٔ صحت کی رخصت صرف کالج کے ڈاکٹر یا سرکاری ہسپتال کے میڈیکل آفیسر کا سرٹیفکیٹ مہیا کرنے پر مل سکے گی۔
طالب علم کو درخواست میں رخصت حاصل کرنے کی اصل وجہ صاف صاف بیان کرنا ہوگی۔
سال کے دوران میں حاصل کردہ رخصت کی تعداد (ماسوائے شدید علالت) 15 یوم سے زیادہ نہ ہوگی۔
اگر طالب علم مسلسل پندرہ دن بغیر رخصت کے غیر حاضر رہتا ہے تو اس کا نام کالج ریکارڈ سے خارج کر دیا جائے گا۔

# امتحانات

بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات میں شمولیت کے لئے ضروری ہے کہ طالب علم ہر مضمون میں دیے گئے لیکچرز میں سے 75 فیصد میں حاضر رہا ہو۔
جو طلباء کالج کے داخلی امتحانات میں پاس نہ ہوں وہ بورڈ/یونیورسٹی کے امتحان میں داخلہ بھجوانے کے اہل نہیں ہوں گے۔
جو طالب علم امتحان میں ناجائز ذرائع استعمال کرے، اسے کمرہ امتحان سے باہر نکال دیا جائے گا اور سخت کارروائی کی جائے گی۔ایسے معاملات میں امتحانی پرچہ کی منسوخی/جرمانہ/عارضی یا مستقل سزا بھی دی جا سکتی ہے۔



جو طلباء کسی پرچہ یا پرچوں میں غیر حاضر رہیں، انہیں متعلقہ مضمون میں صفر نمبر دیے جائیں گے۔اور فی پرچہ 200 روپے جرمانہ کیا جائے گا
امتحان میں کسی بھی سبب سے غیر حاضری کا مطلب امتحان میں ناکامی ہوگا۔اور طالب علم اگلے درجے/جماعت میں ترقی پانے کا مستحق نہ ہوگا۔امتحان میں غیر حاضری کے بارے میں کوئی میڈیکل سرٹیفکیٹ قبول نہیں کیا جائے گا۔
امتحانات کے انتظام و انصرام کے لئے ایک امتحانی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو ماہانہ ٹیسٹ دسمبر ٹیسٹ پری بورڈ ٹیسٹ اور پروموشن ٹیسٹ وغیرہ کا اہتمام کرتی ہے۔
طلبہ کے ماہانہ امتحانات باقاعدگی سے ہوتے ہیں جن میں طلبہ کی حاضری بہت ضروری ہے اور ماہانہ امتحانات کا رزلٹ ہر متعلقہ استاد اپنے حاضری رجسٹر میں درج کرے گا

☆ دسمبر ٹیسٹ اور پری بورڈ/یونیورسٹی ٹیسٹ تمام جماعتوں کے ہوں گے۔

ان کے علاوہ کلاسوں میں ماہانہ ٹیسٹ بھی لئے جاتے ہیں، ان داخلی امتحانوں میں حاصل کردہ نمبروں کی تسلی بخش اوسط بورڈ/یونیورسٹی کے امتحان کے لئے داخلہ بھیجنے کا معیار ہوگا۔
☆ امتحان انٹر پارٹ ون، پارٹ ٹو کے لئے لازمی ہے کہ امیدوار نے امتحان برائے استحقاق شمولیت بورڈ (دسمبر ٹیسٹ) میں کم از کم (E) گریڈ حاصل کیا ہو۔تعلیمی پالیسی کے مطابق انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ گوجرانوالہ نے داخلی تخمین کا نظام نافذ کر رکھا ہے جس سے طلباء کی تعلیمی استعداد، نصابی، ہم نصابی سرگرمیوں اور چال چلن کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔
یہ درجہ بندی طالب علم کے فارم داخلہ برائے امتحان بورڈ مخصوص خانے میں درج کی جاتی ہے۔امتحان کے بعد یہ درجہ کامیاب طلباء کو دی جانے والی بورڈ کی اسناد پر منتقل ہو جاتا ہے۔طلبہ سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ کالج میں مہیا تعلیمی سرگرمیوں سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے۔اگر ایسا نہیں کریں گے تو امتحان اور اگلی کلاسوں میں ترقی کے اہل نہیں ہوں گے۔ان کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا اور دوبارہ داخلہ کے حقدار نہیں ہوں گے۔اس قاعدے کا اطلاق کھلاڑیوں پر بھی یکساں ہوگا۔مذکورہ داخلی امتحانات میں دو یا زیادہ مضامین یا مجموعی تخمینہ کے نتیجہ میں اگر کسی طالب علم کا گریڈ ایف (F) بنتا ہے تو بورڈ کے قواعد کی رو سے داخلہ نہیں بھیجا جا سکتا۔



# بی۔ایس سسٹم کا تعارف

انٹرمیڈیٹ تک سالانہ امتحانات ہوتے ہیں لیکن بی۔ایس سمسٹر سسٹم پر مشتمل ہے جو کہ چار سال پر مشتمل ہے اور ہر سال دو سمسٹرز پر مشتمل ہے۔ایک سمسٹر 18 ورکنگ ہفتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔16 ہفتے پڑھائی ایک ہفتہ مڈٹرم امتحان کے لیے اور ایک ہفتہ میک اپ کلاسز کے لیے ہوتا ہے۔کریڈٹ آور کا مطلب ہے کہ ایک ہفتہ میں ایک گھنٹہ کی کلاس لیکن پریکٹیکل یا لیبارٹری کے لحاظ سے تین گھنٹے ایک کریڈٹ آور کے برابر ہوں گے۔چھ کریڈٹ آور ریسرچ ورک کے لیے ہوں گے جو کہ آخری یعنی چوتھے سال میں دیا جائے گا۔کم از کم حاضری 75% ہوگی۔طلبہ کو دو امتحانات کی بنیاد پر جانچا جائے گا، مڈٹرم اور فائنل ٹرم اور ان میں نمبر درج ذیل حساب سے ہوں گے۔

سیشنل (کوئز، ہوم ورک، اسائنمنٹ، پریزنٹیشن)............15
مڈٹرم امتحان..............................25
فائنل امتحان..............................60

کالج طلبہ کے ہر سمسٹر کے مڈٹرم امتحان اور سیشنل وغیرہ کا ذمہ دار ہوتا ہے اور یونیورسٹی فائنل امتحان کی ذمہ دار ہوتی ہے۔مڈ اور سیشنل ہر دو میں الگ الگ پاس ہونا ضروری ہے۔مڈ میں 13 اور سیشنل میں 7 نمبر لینا ضروری ہے۔ایک کورس پاس کرنے کے لیے ایک طالب علم کو 50% نمبر لینا ضروری ہے جو کہ D GRADE شمار ہوتا ہے۔
فیل ہونے سے بچنے کے لیے 60% نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں۔ امتحان میں پیپرز کے لیے مڈٹرم میں ایک گھنٹہ ہوگا اور فائنل میں تین گھنٹے جبکہ پریکٹیکل کے لیے دو سے تین گھنٹے۔

## Grading System

| Percent Marks | Letter Grade | Grade Point |
|---|---|---|
| 85% & Above | A | 4.00 |
| 80% to 84% | A- | 3.70 |
| 75% to 79% | B+ | 3.30 |
| 70% to 74% | B | 3.00 |
| 65% to 69% | B- | 2.70 |
| 61% to 64% | C+ | 2.30 |
| 58% to 60% | C | 2.00 |
| 55% to 57% | C- | 1.70 |
| 50% to 54% | D | 1.00 |
| Below 50 % | F | 0.00 |

## Promotion Rules

ایک طالب علم کو ہر سمیسٹر کے اختتام پر کم سے کم 2.00 گریڈ پوائنٹ لینا ضروری ہے۔پہلے سمیسٹر کے لیے GPA(Grade Point Average)1.50 ہے۔1.50 کی صورت میں پروبیشن کی بنیاد پر اگلے سمیسٹر میں بیٹھنے کی اجازت ہوگی۔اگر طالب علم پروبیشن سے فائدہ اٹھانے کے باوجود 2.00 گریڈ پوائنٹ لینے سے قاصر رہے لیکن 1.70 گریڈ پوائنٹ تک پہنچ جائے تو اسے دوسرا پروبیشن دیا جائے گا۔ڈی گریڈ لینے والا بچہ اپنے گریڈ کو دوبارہ کورس آفر ہونے پر بہتر بنا سکتا ہے۔اگر کوئی طالب علم تمام کورس مکمل کر چکا ہو لیکن آٹھویں سمیسٹر کے اختتام پر 1.90 گریڈ پوائنٹ سے نیچے رہے تو اسے 12 کریڈٹ آور جن میں اس نے کم گریڈ لیے ہیں آفر کیے جائیں گے تاکہ وہ CGPA(Cumulative Grade Point Average) بہتر بنا سکے جو کہ 2.00 ہے۔بصورتِ دیگر اسے ڈگری جاری نہیں کی جائے گی۔

## لائبریری اور ریڈنگ روم

کالج لائبریری 16 ہزار سے زائد کتب پر مشتمل ہے۔ مین لائبریری سائنس بلاک کے ساتھ ہے جبکہ ایک لائبریری ایم۔اے بلاک میں بھی موجود ہے۔
دونوں لائبریریوں کے ریڈنگ رومز کالج کے اوقات کار میں کھلے رہتے ہیں۔ کتابوں کے اجراء کے لیے لائبریری کارڈ حاصل کرنا ضروری ہے البتہ اخبارات ورسائل اور ریفرنس بکس کسی صورت میں گھر کے لیے جاری نہیں کی جاتی ایوننگ کلاسز کے طلبہ وطالبات کے لیے لائبریری بعداز دوپہر بھی کھلی رہتی ہے۔

طالب علم کو ایک وقت میں صرف ایک ہی کتاب مل سکتی ہے۔ زیادہ قیمتی کتابیں اور ریفرنس بکس لائبریری میں بیٹھ کر پڑھی جاسکتی ہیں یا کسی استاد کی ضمانت پر جاری کی جاسکتی ہیں۔
لائبریری کارڈ گم ہونے کی صورت میں دوبارہ حاصل کرنے ے لئے 80 روپے ادا کرنا ہوں گے۔
کتاب صرف 14 دن کے لئے جاری ہوتی ہے۔ کتاب دوبارہ جاری ہوسکتی ہے بشرطیکہ کسی دوسرے طالب علم کو مطلوب نہ ہو۔ 14 دن سے زیادہ جتنے روز کتاب طالب علم کے پاس رہے گی فی یوم 5 روپیہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔
اگر کتاب خراب، گم، پھاڑ یا گاڑدی جاتی ہے تو نئی کتاب فراہم کرنا ہوگی۔ اگر کتاب نایاب ہو تو حسب قواعد زائد قیمت ادا کرنا پڑے گی۔
لائبریری کا زرضمانت طالب علم کو کالج چھوڑنے کے ایک سال کے اندر واپس کیا جائے گا۔ یہ مدت تعلیمی سال کے اختتام سے شروع ہوگی اس کے لئے طالب علم مجوزہ فارم پر باقاعدہ درخواست دے گا۔ زرضمانت کالج کے جملہ واجبات کی ادائیگی پر ملے گا اور طالب علم کو لائبریری کارڈ اور شناختی کارڈ واپس جمع کرانے ہوں گے۔ لائبریری زرضمانت داخلہ سیشن کے اختتام کے ایک سال بعد تک کلیم نہ کیا گیا تو بحق کالج ضبط تصور ہوگا۔

## کالج کی یونیفارم

حکومت کے احکامات کے مطابق سکولوں / کالجوں کے تمام طلباء کے لئے اپنے اپنے ادارے میں ایک سا لباس لازمی ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ہر ادارہ کے طلبا کی اپنی پہچان ہو اور وہ قیمتی اور زیبائشی لباس سے احتراز کریں۔ چنانچہ انٹرمیڈیٹ کی یونیفارم گرے پتلون، نیوی بلیو ٹائی، سفید شرٹ اور تسموں والے سیاہ شوز پر مبنی ہے۔ سردیوں میں گرے کوٹ / جرسی پہنا جاسکتا ہے۔
فرسٹ ایئر کے طلبہ کی شرٹ کے کالر اور کف نیلی دھاری جبکہ سیکنڈ ایئر کے طلبہ کی شرٹ کے کالر اور کف سرخ دھاری والی ہوگی۔
بی۔ایس کے طلبہ کی شرٹ کے کالر اور کف سبز پٹی والے ہوں گے اور طالبات کے لیے سفید شلوار قمیض ہوگی۔ سکارف اور عبائے اور شوز سیاہ رنگ پر مشتمل ہونگے۔
بی۔ایس کے طلبہ اور طالبات کا کوٹ / جرسی مہرون رنگ کی ہوگی۔
کالج یونیفارم کے بغیر طلباء کو کلاسوں / تقاریب / کیمپس میں داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔



## کالج کارڈ

داخلہ لینے والے تمام طلباء کے لئے لازمی ہے کہ وہ کالج داخلہ کے پندرہ دن کے اندر اندر کالج سے اپنا کالج کارڈ حاصل کریں۔ ہر طالب علم کے لئے کالج کارڈ حاصل کرنا اور ہر روز کالج میں لے کر آنا ضروری ہے۔ طالب علم کا فرض ہے کہ وہ کالج کارڈ گلے میں لٹکا کر رکھے۔ کالج کارڈ نہ ہونے کی صورت میں کالج میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔

## ٹیوٹوریل سسٹم

کالج میں داخل ہونے پر ہر طالب علم کو ٹیوٹوریل گروپ کی رکنیت دی جاتی ہے۔ ہر ٹیوٹوریل گروپ میں تمام کلاسوں کے طالب علم شامل ہوتے ہیں۔ اس طرح طلبہ میں ہم آہنگی کے جذبے کو فروغ ملتا ہے۔ ان ٹیوٹوریل گروپوں کے انچارج اساتذہ کرام ہوتے ہیں اور گروپوں کی ہفتہ وار میٹنگز ہوتی ہیں۔ اساتذہ ان گروپوں میں طلبہ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے ان کی رہنمائی کرتے ہیں اور مختلف پروگراموں کو ترتیب دیتے ہیں۔ ہر طالب علم کے لئے لازمی ہوگا کہ اپنے تمام کاغذات مثلاً چھٹی کی درخواست، فیس میں رعایت، جرمانے کی معافی یا کریکٹر سرٹیفکیٹ کے اجرا کی درخواستیں اپنے ٹیوٹر کے ذریعے پرنسپل تک پہنچائیں۔ ٹیوٹوریل گروپ کی کلاس سے غیر حاضری کا جرمانہ 10 روپے ہوگا۔

## اسلحہ کی ممانعت

کسی طالب علم کو کالج میں اسلحہ رکھنے کی اجازت نہیں خواہ اس کے پاس اسلحہ رکھنے کا لائسنس ہی کیوں نہ ہو۔ خلاف ورزی کرنے پر سخت سزا دی جائے گی۔

## سائیکل / موٹر سائیکل اسٹینڈ

اپنی سائیکل اور موٹر سائیکل صرف مقررہ سٹینڈ پر کھڑی کریں۔ ان کی حفاظت کے لئے مضبوط تالے استعمال کریں۔ سٹینڈ پر متعین چوکیدار سے ٹوکن ضرور حاصل کریں۔ ٹوکن واپس کرنے پر ہی آپ سائیکل اور موٹر سائیکل لینے کے مجاز ہوں گے۔ ٹوکن گم ہونے کی صورت میں 25 روپے جرمانہ ہوگا۔ یہ سائیکل سٹینڈ طلباء کی سہولت کے لئے ان کی معاونت سے کوآپریٹو بنیادوں پر چل رہا ہے۔

# سیکیورٹی

## گورنمنٹ گریجویٹ کالج منڈی بہاء الدین اپنا سیکیورٹی نظام رکھتا ہے۔



### 1۔سیکیورٹی گارڈز

کالج کے پاس اپنے دس مسلح سیکیورٹی گارڈ ہیں جو گیٹ کے ساتھ ساتھ کالج کے احاطہ میں مختلف مقامات پر نگرانی کرتے ہیں۔کالج میں تمام طلبہ کا داخلہ بعداز تلاشی ہوتا ہے۔کالج کو وزٹ کرنے والے دیگر افراد اجازت ملنے پر داخل ہو پاتے ہیں اور گارڈز کی نگرانی میں رہتے ہیں۔

### 2۔سیکیورٹی کیمرے

کالج کا تمام ایریا بشمول بلڈنگز اور کھیل کے میدان سیکیورٹی کیمروں کی نگرانی میں رہتے ہیں اور سیکیورٹی سٹاف تمام وقت کیمروں کی مدد سے بھی پورے کالج پر نظر رکھتا ہے۔

### 3۔نگران کمیٹی

پچاس پروفیسرز پر مشتمل ویجیلینس کمیٹی دس ٹیموں پر مشتمل ہے۔ہر ٹیم پانچ پروفیسر پر مبنی ہے۔
یہ ٹیمیں کالج نگرانی میں گارڈز کی مدد کرتی ہیں اور کالج کھلنے اور بند ہونے کے اوقات پر گیٹ پر نگاہ رکھتی ہیں۔

### 4۔شناخت

کالج میں داخلہ کے لیے کالج کارڈ لازمی ہے۔کوئی طالب علم کالج احاطہ میں بغیر شناخت داخل نہیں ہوسکتا۔اس طرح تمام بیرونی عناصر کا کالج میں داخلہ بند کر دیا گیا ہے۔کالج میں کسی کام سے آنے والے مہمانوں کو گارڈز اپنی نگرانی میں دفتر تک جانے دیتے ہیں اور انہیں گیٹ پر وزیٹنگ کارڈ جاری کیا جاتا ہے اور واپسی پر وصول کر لیا جاتا ہے۔کسی بیرونی فرد کو کالج اوقات میں طلبہ تک رسائی حاصل نہیں۔ایمرجنسی کی صورت میں (ورثا) کسی طالب علم سے پرنسپل آفس میں پرنسپل صاحب کی موجودگی میں ملاقات کر سکتے ہیں۔

### 5۔ خاردار ریزر تار

کالج کا احاطہ خاردار ریزر تار کی مدد سے محفوظ بنایا گیا ہے۔کوئی شخص دیوار پھلانگ کر کالج سے باہر آسکتا ہے نہ کالج میں داخل ہوسکتا ہے۔

### 6۔تنظیموں پر پابندی

کالج میں امن وامان بحال رکھنے کے لیے ہر قسم کے گروپ بندی، تنظیم سازی پر پابندی لگا دی گئی ہے۔
کسی بھی گروہ/تنظیم سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو کالج میں داخل ہونے کی اجازت نہیں۔




### پولیس چوکی

کالج میں امن وامان برقرار رکھنے اور غنڈہ گرد افراد کی سرکوبی کے لیے کالج پرنسپل کی کوششوں سے پولیس چوکی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔تاکہ ادارے کی تعلیمی فضا خراب نہ ہو۔



# مسجد

کالج میں ایک خوب صورت مسجد تعمیر کی گئی ہے جس میں قالین بچھے ہوئے ہیں۔پانی کا خاطر خواہ اہتمام ہے۔طلباء اور اساتذہ مقررہ اوقات میں یہاں نماز ادا کرتے ہیں۔
طلباء کی معاونت سے مسجد کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔

# انجمن اساتذہ، والدین اور طلباء

حکومت کے ایما پر اساتذہ، والدین اور طلباء پر مشتمل ایک انجمن ترتیب دی گئی ہے تاکہ تعلیمی مشکلات ومسائل کا بطریق احسن ادراک ہوسکے اور مل بیٹھ کر مسائل کا حل کیا جاسکے۔
سال میں دوبار اس انجمن کا اجلاس ہوتا ہے جس میں اساتذہ اور کالج انتظامیہ بچوں کے مسائل کے حوالے سے والدین سے بحث و تمحیص کرتے ہیں۔

# طبی انتظامات

کالج کے طلباء کا طبی معائنہ مقامی سول میڈیکل آفیسر کرتے ہیں اور اپنے گراں قدر مشوروں سے نوازتے ہیں۔کالج کے بائیولوجی کے استاد کی نگرانی میں ایک ڈسپنسری قائم کی گئی ہے۔
فرسٹ ایڈ کا سامان موجود ہے۔زیادہ سنگین معاملہ ہسپتال کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔کالج سے حسب ضرورت ادویات فراہم ہوتی ہیں۔سول ہسپتال سے بھی ادویات مل جاتی ہیں۔



## مجلس تقریبات

مختلف مضامین کی سوسائیٹیاں متعلقہ پروفیسر صاحبان کی زیرنگرانی پرنسپل کی اجازت سے قائم کی جاسکتی ہیں۔کالج کی اجتماعی تقریبات کے لئے مجلس تقریبات قائم کی گئی ہے۔جو تعلیمی سال کے دوران میں مختلف تقریبات کا اہتمام وانصرام کرتی ہے تاکہ طلبا کی ذہنی، فکری، تحریری وتقریری صلاحیتوں کواجاگر کیا جاسکے۔علاوہ ازیں مجلس علوم اسلامیہ، گوشۂ اداب، انگلش لٹریری سوسائٹی، کلچرل سوسائٹی اور سائنس سوسائٹی کے زیراہتمام بھی تقاریب منعقد ہوتی ہیں۔




## کالج میگزین

طلباء میں تخلیقی صلاحیتوں کی نشونما اور ادب وانشاء کی آبیاری کے لئے کالج کا رسالہ ’’فانوس خیال‘‘ سال میں ایک مرتبہ شائع ہوتا ہے۔ ادارہ تحریر میں طلباء اور اساتذہ شامل ہیں۔ البتہ معروف ادبا، شعرا اور دیگر اکابر کی نگارشات راہنمائی اور علمی و ادبی استفادہ کے لئے شامل کی جاسکتی ہیں۔

## سپورٹس بورڈ

کھیل کا میدان بغیر چھت کے کمرہ جماعت ہوتا ہے۔کھیلوں کو فروغ دینے اور طلباء کی راہنمائی کے لئے سپورٹس بورڈ قائم کیا گیا ہے۔اساتذہ کو مختلف کھیلوں کا انچارج بنایا گیا ہے تاکہ وہ کھیلوں کے انتظام وانصرام کے ساتھ ساتھ طلباء کی رہنمائی بھی کریں۔کھیلوں میں دلچسپی رکھنے والے طلباء انچارج پروفیسر صاحبان سے رابطہ قائم کریں۔

## سالانہ جلسہ تقسیم انعامات

طلباء میں علمی ذوق وشوق اور مخفی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے تعلیمی کارکردگی اور ہم نصابی سرگرمیوں مثلاً کھیلوں، تقاریر، مباحثوں، حسن قرات، نعت خوانی، کوئز پروگراموں، حاضر باشی خوش اطواری اور عملی تعاون وغیرہ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے پر طلباء کو کالج انتظامیہ کے قواعد وضوابط کے مطابق انعامات اور اسناد دی جاتی ہیں۔اس سلسلہ میں تقسیم انعامات کی تقریب ہر سال بڑے اہتمام سے منعقد کی جاتی ہے۔یہ تقریب عموماً تعلیمی سیشن کے اختتام پر منعقد ہوتی ہے۔ تعلیمی انعامات کے لئے طالب علم کی دوسالہ کارکردگی کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ وہی طالب علم کسی مضمون یا مضامین میں انعام کے مستحق ہوں گے جو امتحانوں میں تمام مضامین میں پاس ہوں گے۔



## نصابی / ہم نصابی سرگرمیوں کا پروگرام

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | جشن آزادی | 14 اگست |
| (۲) | یوم دفاع | 6 ستمبر |
| (۳) | یوم وفات قائداعظم | 11 ستمبر |
| (۴) | یوم اقبال | 9 نومبر |
| (۵) | دسمبر ٹیسٹ، سینڈاپ ٹیسٹ | دسمبر، مارچ |
| (۶) | تقریب بسلسلہ عید میلاد النبی ﷺ | 12 ربیع اول |
| (۷) | یوم پاکستان | 23 مارچ |
| (۸) | علمی وادبی تقریبات، مقابلہ حسن قرأت ونعت، انگریزی اردو مضمون نویسی | مارچ |

بین الکلیاتی مباحثہ (اردو) — بین الکلیاتی مباحثہ پنجابی — اقبال کوئز

قائداعظم کوئز — سیرت النبی ﷺ کانفرنس — سیمینارز

| | | |
|---|---|---|
| (۹) | جلسہ تقسیم انعامات | مارچ |

یوم والدین، سپورٹس گالہ، سائنسی نمائش، کلچرل ڈے